Maulana Azad National Urdu University

M.A. Translation Studies, II Semester Examination - May 2018

Paper : MATS202CCT : Terminology and its Significance

پرچہ : علم اصطلاح اوراس کی اہمیت

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پرمشتمل ہے: حصہ اول،حصہ دوم،حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینالازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ہرسوال کا جواب لازمی ہے۔ہرسوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کوکوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ہرسوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پرمشتمل ہے۔ ہرسوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کوکوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ہرسوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پرمشتمل ہے۔ ہرسوال کے لیے**10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) اردو میں علمی ترجموں کے دوران درپیش ایک اہم مسئلہ

(a) انگریزی اردو متبادل اصطلاحات (b) ترجمے کے لیےعلمی کتابوں کا انتخاب (c) علمی کتابوں کی تفہیم

(ii) Thesaurus کیا ہے؟

(a) الفاظ کے مترادفات اور متعلقہ الفاظ بتانے والا مجموعۂ لغات

(b) ایسی کتاب جس میں ترتیب تہجی سے الفاظ کے معنی بتائے جاتے ہیں

(c) ترتیب تہجی سے مرتب ایسی کتاب جو بہت سے موضوعات پر معلومات مہیا کرتی ہے۔

(iii) پروفیسر وحیدالدین سلیم کون سی کتاب کے مصنف تھے؟

(a) اصطلاحی مطالعے (b) اصطلاحی جائزے (c) وضع اصطلاحات

(iv) ''فرہنگ اصطلاحات جامعہ عثمانیہ'' کے مرتب کون ہیں؟

(a) مولوی عبدالحق (b) شان الحق حقی (c) ڈاکٹر جمیل جالبی

(v) ''مجلس وضع اصطلاحات'' کا تعلق کس ادارے سے تھا؟

(a) دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ' حیدرآباد۔دکن (b) ورناکلر ٹرانسلیشن سوسائٹی۔دہلی (c) مقتدرہ قومی زبان' اسلام آباد' پاکستان

(vi) آزادی کے بعد ہندوستان میں کس ادارے نے اردو میں اصطلاحات سازی کا کام کیا؟

(a) ترقی اردو بیورو' نئی دہلی (b) ادارۂ ادبیات اردو' حیدرآباد (c) انجمن ترقی اردو ہند

(vii) '' اعظم اللغات'' مولفہ محمد احمد خان برترجسے اردو زبان میں لکھی گئی پہلی قانونی لغت کہا جاتا ہے؟ کس نے شائع کی تھی؟

(a) پاکستان ایجوکیشنل پریس' لاہور (b) مکتبہ ابراہیمی' حیدرآباد۔دکن (c) میکملن اینڈ کمپنی' کلکتہ

(viii) علمی اصطلاحات بنانے کے لیے کن زبانوں کے الفاظ کو اردو الفاظ کے طور پر شمار کیا گیا؟

(a) عربی، فارسی، ہندی اور سنسکرت (b) ترکی پنجابی (c) کشمیری، سندھی

(ix) جس قوم کی زبان میں الفاظ و اصطلاحات زیادہ ہوں گے اس قوم کی معلومات بھی وافر ہوں گی؟

(a) صحیح ہے (b) غلط ہے (c) نہیں معلوم

(x) حکومت پاکستان کو یہ مشورہ کس نے دیا تھا کہ: پنجاب یونیورسٹی میں سنسکرت کی کتابیں بیکار پڑی ہیں۔ کیڑا لگ رہا ہے۔ یہ قدیم ذخیرہ حکومت ہندستان کو دے دو اور تبادلے میں عثمانیہ یونیورسٹی سے اردو کا تمام ذخیرہ منگوالو۔ کیونکہ جس قدر کام اس عظیم جامعہ نے سرانجام دیا ہے، یہاں ایک صدی تک بھی نہ ہو سکے گا۔

(a) جوش ملیح آبادی (b) مولوی عبدالحق (c) ڈاکٹر علامہ اقبال

حصہ دوم

2. اصطلاح سے کیا مراد ہے؟

3. اصطلاح کی ضرورت اور اس کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

4. اصطلاح سازی کے لیے کن ماہرین کا ہونا ضروری قرار دیا جاتا ہے؟

5. مجلس وضع اصطلاحات دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

6. ایک وضع کردہ اصطلاح میں کن خصوصیات کا ہونا لازمی ہے؟

7. اصطلاحات کی ترتیب و انتظام پر نوٹ لکھیے۔

8. درج ذیل انگریزی اصطلاحات کی متبادل اردو اصطلاحیں لکھیے۔

(i) Accused	(ii) Autonomy	(iii) Ambassdor	(iv) Appendix
(v) Humidity	(vi) Respiratory	(vii) Tropic of Cancer	(viii) Tragedy
(ix) Civics	(x) Inflation	(xi) Nutrition	(xii) Class war

9. درج ذیل اردو اصطلاحات کی متبادل انگریزی اصطلاحیں لکھیے۔

(i) دیوانی مقدمات	(ii) ناکہ بندی	(iii) مردم شماری	(iv) عدم تشدد
(v) ناخواندگی	(vi) بندرگاہ	(vii) جزیرہ نما	(viii) نظریہ
(ix) غدود	(x) وصیت	(xi) تاریک دور	(xii) سرمایہ دار

حصہ سوم

10. اصطلاح سازی سے متعلق پروفیسر وحید الدین سلیم کے تصورات اور نظریاتی مباحث کا جائزہ لیجیے۔

11. اردو میں وضع اصطلاحات کی تاریخ پر ابتداء سے 1917ء تک روشنی ڈالیے۔

12. اصطلاحات سازی سے متعلق قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

13. اصطلاحات (Terminology) ایک ابھرتا ہوا شعبۂ علم ہے اس میدان میں کریئر کے کیا مواقع ہیں؟

14. اصطلاح سازی سے متعلق وضع کردہ اصولوں سے بحث کیجیے۔

☆☆☆